# حیسکو پریس رلیز مورخہ 12 اکتوبر 2020

**بجلی چوروں کے خلاف گھیرا تنگ کرنے کے اقدامات، بجلی چوروں کا 100% فیصد مکمل خاتمہ کریں گے، بجلی چوری میں ملوث تمام ملازمین کو بھی عبرت ناک سزائیں دی جائیں گی جس میں ان کی تنزلی یا نوکری سے فارغ کیا جائے گا۔ حیسکو انتظامیہ 98 ارب 20 کروڑ 76 لاکھ کے واجبات کی وصولی کیلئے اسپیشل ریکوری ٹیمیوں کی کارروائیاں جاری۔ واجبات کی عدم ادائیگی پر 120 بجلی کے کنکشن منقطع، 100 سے زائد غیر قانونی کنڈہ ہٹائے گئے اور بجلی چوروں کے خلاف FIR درج کرانے کیلئے متعلقہ تھانوں میں لیٹر جمع کرادیئے گئے ہیں۔**

حیدرآباد ( ) چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو محمد یعقوب کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن میں نادہندگان سے بجلی کے بلوں کے واجبات کی 100% فیصد وصولی اور صارفین کو موصول درست ریڈنگ کے ساتھ بلنگ چیک کرنے کیلئے حیسکو کی اسپیشل ریکوری ٹیمیں کارروائیاں کر رہی ہیں اور نادہندگان کے بجلی کے کنکشن بلاتفریق منقطع کیئے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں آج۔ واجبات کی عدم ادائیگی پر 120 بجلی کے کنکشن منقطع، 100 سے زائد غیر قانونی کنڈہ ہٹائے گئے اور بجلی چوروں کے خلاف FIR درج کرانے کیلئے متعلقہ تھانوں میں لیٹر جمع کرادیئے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ حیسکو ریجن میں تمام بجلی چوروں کے خلاف گھیرا تنگ کرنے کے اقدامات کیئے گئے ہیں، بجلی چوروں کا 100% فیصد خاتمہ مکمل کریں گے، اس کے علاوہ بجلی چوری میں ملوث تمام ملازمین کو بھی عبرت ناک سزائیں دی جائیں گی جس میں ان کی تنزلی یا نوکری سے فارغ کیا جائے گا، حیسکو چیف نے نادہندگان سے بجلی کے بلوں کے واجبات کی 100% فیصد وصولی کرنے کیلئے اسپیشل ریکوری ٹیمیں کو ہدایات دی ہیں کے کارروائیاں مزید تیز کریں، نادہندگان کے بجلی کے کنکشن بلاتفریق منقطع کیئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حیسکو کمرشل ادارہ ہے جو بجلی کی بلوں کی ادائیگی کے بغیر اپنا انتظام نہیں چلاسکتا۔ اس لیئے صرف اور صرف واجبات کی ادائیگی کرنے والے صارفین کو بجلی فراہم کی جائے گی، اور نادہندگان اپنے واجبات کی آسان ادائیگی کیلئے کسٹمرز سروس سینٹر پر جا کر بجلی کے بلوں کی اقساط بنوا کے جمع کرا سکتے ہیں، اور یہ لازمی ہے، ورنہ بجلی کے بلوں کی ادائیگی کے بغیر کنکشن نہیں چلنے دیا جائے گا۔ اس وقت حیسکو کے ٹوٹل 98 ارب 20 کروڑ 76 لاکھ روپے کے واجبات ہیں۔ جس میں وفاقی اداروں پر 4 ارب 10 کروڑ 92 لاکھ، صوبائی اداروں پر 8 ارب 72 کروڑ 56 لاکھ روپے جبکہ نجی صارفین پر 85 ارب 37 کروڑ 28 لاکھ روپے کے واجبات ہیں ہیں۔ تفصیلات کے مطابق آپریشن سرکل حیدرآباد کے وفاقی اداروں پر ایک ارب 84 کروڑ 35 لاکھ۔ صوبائی اداروں پر 2 ارب 79 کروڑ 64 لاکھ۔ نجی صارفین پر 33 ارب 4 کروڑ 2 لاکھ۔ آپریشن سرکل لاڑ کے وفاقی اداروں پر 51 کروڑ 10 لاکھ۔ صوبائی اداروں پر 2 ارب 12 کروڑ 78 لاکھ۔ نجی صارفین پر 25 ارب 6 کروڑ 60 لاکھ۔ آپریشن سرکل نوابشاہ کے وفاقی اداروں پر 8 کروڑ 6 لاکھ ۔صوبائی اداروں پر 2 ارب 55 کروڑ 9 لاکھ۔ نجی صارفین پر 20 ارب 19 کروڑ 90 لاکھ۔ اور آپریشن سرکل میرپورخاص کے وفاقی اداروں پر ایک ارب 67 کروڑ 41 لاکھ۔ صوبائی اداروں پر ایک ارب 25 کروڑ 5 لاکھ۔ نجی صارفین پر 7 ارب 6 کروڑ 76 لاکھ روپے کے واجبات ہیں۔ جس کی وصولی کیلئے حیسکو اسپیشل ریکوریٹیمیں کارروائیاں کر رہی ہیں، جو واجبات کی 100% فیصد وصولی کیلئے، کارروائیاں کر رہی ہیں، حیسکو اپنے معزز صارفین سے اپیل کرتا ہے کہ واجبات کی ادائیگی مقررہ وقت پر کریں تاکہ آپ کو بجلی کی بہتر فراہمی ہو سکے اور مسلسل بجلی میسر رہے۔ بصورت دیگر بجلی منقطع کی جائے گی۔